149267 ـ اپنے والدین کو بتائے بغیر لڑکی سے عقد نکاح کر لیا اور اب والدین کی موجودگی میں دوبارہ نکاح کرنا چاہتا ہے

سوال

میں نے اپنے والدین کو بتائے بغیر آٹھ ماہ قبل ایك لڑکی سے عقد نکاح کرلیا، اور بعد میں والدین کو راضی کیا اب میں چاہتا ہوں کہ ان کی موجودگی میں اسی لڑکی سے دوبارہ نکاح کروں لیکن والدین کو علم نہ ہو سکے کہ ہمارا پہلے نکاح ہو چکا ہے، کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ شریعت اسلامیہ کی روشنی میں یہ نکاح دوبارہ کیسے کیا جا سکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

اگر پہلا نکاح مکمل شروط اور ارکان کے ساتھ ہوا یعنی لڑکے اور لڑکی کی رضامندی اور عورت کے ولی اور دو عادل مسلمان گواہوں کی موجودگی میں نکاح ہوا ہے تو یہ نکاح صحیح ہے، اس کے نتجیہ میں نکاح کے جو احکام اور اثرات ہیں وہ سب ثابت ہونگے.

لیکن اگر نکاح میں کوئی شرط غیر موجود تھی تو یہ نکاح فاسد ہے اس صورت میں نکاح کی تجدید ہوگی.

دوم:

والدین کے ساتھ حسن سلوك کرنے جیسا عظیم حق اولاد کے ذمہ ہے جو کسی شخص پر مخفی نہیں، اس لیے شادی کے معاملہ میں بیٹے کو والدین سے مشورہ ضرور کرنا چاہیے اور حتی الامکان انہیں اس پر راضی کرنے کی کوشش کرنی چاہیے.

اگر پہلے نکاح کے بارہ میں والدین کو بتانے سے کوئی واضح خرابی اور نقصان ہونے کا اندیشہ نہیں تو پھر آپ کے لیے بہتر یہی ہے کہ آپ انہیں نکاح کے بارہ میں بتا دیں اور انہیں راضی کرنےکی کوشش کریں، اور بیوی کے حاملہ ہونے کی صورت میں تو نکاح کے متعلق بتانا ضروری ہو جائیگا تا کہ کہیں زنا وغیرہ کی تہمت نہ لگ جائے.

اور اگر نکاح کے متعلق بتانے سے کوئی واضح خرابی اور نقصان ہوتا ہو یعنی والدین کی قطع تعلقی کا خوف ہو تو پھر

آپ کو حق ہے کہ آپ ان کی موجودگی میں ظاہری طور پر نکاح کی رسم ادا کریں، یا پھر اگر نکاح رجسٹر نہیں کرایا تو ان کی موجودگی میں نکاح رجسٹر کرا لیں.

ظاہری طور پر نکاح سے مقصود یہ ہے کہ عورت کا ولی دو عادل گواہوں کی موجودگی میں کہے میں نے اپنی فلاں بیٹی یا فلاں بہن کا نکاح تیرے ساتھ کیا اور آپ اسے قبول کر لیں اور عورت کے ولی کو یہ پہلے سے بتا دیں کہ نکاح کی تجدید کا کوئی اثر نہیں بلکہ پہلا نکاح ہی کارآمد ہے صرف والدین کے سامنے کیا جا رہا ہے.

واللہ اعلم .